سوال

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا نماز میں پینٹ کو ٹخنوں سے اونچا کرنے کے لئے فولڈ کرنا منع ہے۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ نے نماز میں کپڑوں کو موڑنے سے منع فرمایا ہے:

عن ابن عباس امر النبی ﷺ ان یسجد علی سبعۃ اعضاء ولا یکف شعراء ولا ثوبا الجبھۃ، والیدین، والرکبتین، والرجلین (بخاری: 809)

سیدنا عبدا ابن عباس رضی ا عنہ روایت کرتے ہیں کہ ''نبی کریم ﷺ نے سات اعضاء پر سجدہ کرنے اور بالوں اور کپڑوں کو نہ موڑنے کا حکم دیا ہے۔''

(وہ سات اعضاء یہ ہیں) پیشانی، دونوں ہاتھ، دونوں گھٹنے اور دونوں پاوں۔ لیکن اس کا یہ قطعا مطلب نہیں ہے کہ لباس ٹخنوں سے نیچے کرنا جائز ہے۔ بلکہ جس طرح موڑنا ناجائز ہے اسی طرح ٹخنوں سے نیچے کرنا بھی ناجائز ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"ما أسفل من الكعبين من الإزار، ففی النار"(بخاری: 5787)

''تہہ بند کا جو کپڑا ٹخنوں سے نیچے ہوگا وہ آگ میں جائے گا۔''

جب یہ دونوں کام ہی حرام ہیں تو پھر اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اپنے کپڑے ہی ایسے سلوائے جائیں جو نماز و غیر نماز ہر وقت ٹخنوں سے اوپر رہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی